
4311CH13

# 13 اسمارٹ چارٹ





## الگ الگ رنگ کے پھول


کیا آپ کبھی باغیچہ میں گئے ہیں؟

آپ نے وہاں کس کس رنگ کے پھول دیکھے؟

کیا زیادہ تر پھول پیلے رنگ کے تھے؟

تصویر میں الگ الگ پھولوں کو دیکھیے جدول کو پورا کیجیے۔

| پھولوں کا رنگ | پھولوں کی تعداد |
| --- | --- |
| نیلا | |
| لال | |
| نارنجی | |
| بیگنی | |




© NCERT not to be republished

صحیح پھول بنایئے۔ لکھیے کہ یہ کتنے ہیں۔

(a) ________ کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔اب بتایئے یہ کتنے ہیں؟________

(b) ________ کی تعداد سب سے کم ہے۔اب بتایئے یہ کتنے ہیں؟________




(c) ________ سے ________ زیادہ ہیں۔

(d) ________ سے ________ زیادہ ہیں۔

## ہم سڑک پر کیا دیکھتے ہیں؟

تصویر میں ٹریفک کا نظارہ (سین) دیکھیے اور آگے دی گئی جدول مکمل کیجیے۔



اس سبق میں اعداد وشمار کے ساتھ کام کرنے کی شروعات کی گئی ہے۔اعداد وشمار ریاضی کا ایک اہم حصہ ہے۔چھٹی کلاس تک آتے آتے بچوں کو اعداد وشمار اکٹھے کرنا، بار چارٹ اور جدول کی شکل میں ظاہر کرنا، اعداد وشمار کے نمونوں کو سمجھنا اور اس سے نتیجہ نکالنے کے قابل ہو جانا چاہئے۔ٹیچر اس کے لئے بچوں کے تجربات کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔اور ان میں سے کئی مزے دار مثالیں چن بھی سکتے ہیں۔ یہاں دی گئی تصاویر کو بھی کئی طرح کی درجہ بندی کی مشق کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ پھولوں میں کتنی پنکھڑیاں ہیں؟



2019-20

| کتنے | سفر کا طریقہ |
|---|---|
| | پیدل (لوگ) |
| | سائیکل |
| | اسکوٹر |
| | |
| | |




ان سوالات کے جواب دیجیے۔

(a) اس تصویر میں آنے جانے کا کون سا طریقہ سب سے زیادہ دکھائی دے رہا ہے؟__________

(b) آنے جانے کا کون سا طریقہ (گاڑی) سب سے کم دکھائی دے رہا ہے؟__________

(c) پیدل چلنے والے لوگوں کی تعداد __________ کی تعداد سے زیادہ ہے۔

(d) بسوں کی تعداد __________ کی تعداد سے کم ہے۔

## کتنی بار 6 آیا؟



کیا آپ نے پانسہ (Dice) سے کوئی کھیل کھیلا ہے؟

پانسہ کے الگ الگ پہلوؤں پر کتنے نقطے ہیں؟


© NCERT not to be republished

* پانسہ پھینکو
* پانسہ پھینکنے پر جو پہلو اوپر آیا اس میں نقطوں کی تعداد دیکھیے۔
* ہر بار پانسہ پھینکنے کے بعد جدول میں اوپر آئی تعداد کے سامنے ایک ایسا نشان / لگائیے۔
* پانسہ 30 بار پھینکیے اور ہر بار جدول میں ایک نشان لگائیے۔

مثال کے طور پر رابعہ نے اپنا پانسہ 30 بار پھینکا۔  تین والا پہلو 5 بار آیا۔

اس نے اپنی جدول میں ایسا بنایا۔  | ///// |

اب آپ اپنی جدول کو مکمل کیجیے:



| پانسہ کا پہلو | کتنی بار آیا (ہر بار پھینکنے پر /) |
|---|---|
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |

(a) پانسہ کا کون سا پہلو سب سے زیادہ بار آیا؟

(b)  کتنی بار اوپر آیا؟ ________ بار۔

(c)  والا پہلو ☐ والے پہلو سے زیادہ بار آیا

(d) اپنی جدول اپنے ساتھ بیٹھے ساتھی سے ملائیے۔ دونوں جدولوں میں کوئی فرق نظر آیا؟



2019-20

## آس پاس کے لوگوں سے پتہ لگائیے

1- اپنے آس پاس کے لوگوں سے ان کی پسندیدہ مٹھائی کے بارے میں بات کیجیے اور جدول بھریے۔



| من پسند کی مٹھائیاں | لوگوں کی تعداد |
|---|---|
| جلیبی | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

اوپر کی جدول کو دیکھتے ہوئے نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب دیجیے :

(a) سب سے زیادہ پسند کی جانے والی مٹھائی __________ ہے۔

(b) سب سے کم پسند کی جانے والی مٹھائی __________ ہے۔

(c) __________ کو __________ سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔
(مٹھائی کا نام) (مٹھائی کا نام)

(d) __________ کو __________ سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔

(e) __________ کو __________ زیادہ پسند کیا جاتا ہے

(f) __________ کو __________ سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔




© NCERT
not to be republished

2- اپنے دوستوں سے یہ معلوم کیجیے کہ ان کے گھروں میں کتنے لوگ رہتے ہیں اور اس جدول کو بھریئے۔

| ساتھ رہنے والے لوگوں کی تعداد | کتنے گھروں میں |
|---|---|
| 1-اکیلا | |
| 2-لوگ | |
| 3-لوگ | |
| 4-لوگ | |
| 5-لوگ | |
| 6-لوگ | |
| 7-لوگ | |
| 8-لوگ | |
| .................. | |





(a) سب سے زیادہ گھروں میں ________ لوگ رہتے ہیں۔

(b) ایک گھر میں رہنے والے لوگوں کی سب سے کم تعداد ________ ہے۔

(c) چار لوگ والے گھروں کی تعداد ________ ہے۔





© NCERT not to be republished



2019-20

3- آپ کی کلاس کے ساتھی آج دوپہر میں کھانے کے لئے کیا لے کر آئے ہیں؟ معلوم کیجئے اور نیچے لکھیے۔

| کھانے کا سامان | بچوں کی تعداد |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

(a) دوپہر میں کھانے کے لئے کون سی چیز سب سے زیادہ بچے لائے؟__________

(b) کون سی چیز سب سے کم بچے لائے؟__________





2019-20

## چارٹ بنائیے اور سجائیے



| حاضری کا بورڈ | | | |
|---|---|---|---|
| تاریخ 08/02/2020 | | | |
| کلاس | بچوں کی تعداد | حاضر بچے | غیر حاضر بچے |
| کلاس I | 27 | 25 | 2 |
| کلاس II | 23 | 22 | 1 |
| کلاس III | 24 | 21 | 3 |
| کلاس IV | 22 | 18 | 4 |
| کلاس V | 25 | 23 | 2 |
| کل تعداد | | | |


یہ بورڈ ہر کلاس کے بچوں کی تعداد کو بتاتا ہے۔ حاضر اور غیر حاضر بچوں کی بھی معلومات فراہم کرتا ہے۔

* اس اسکول میں کتنے بچے ہیں؟ __________

* یہ چارٹ جس دن کا ہے اس دن اسکول میں کل کتنے بچے غیر حاضر تھے؟ __________

غیر حاضر بچوں کی تعداد

| کلاس | غیر حاضر بچے |
|---|---|
| کلاس I | ☺ ☺ |
| کلاس II | ☺ |
| کلاس III | ☺ ☺ ☺ |
| کلاس IV | ☺ ☺ ☺ ☺ |
| کلاس V | |



یہ چارٹ غیر حاضر بچوں کی تعداد کے بارے میں بتاتا ہے۔ ہر غیر حاضر بچے کو ☺ سے دکھایا گیا ہے۔

* اس چارٹ میں کلاس V کے غیر حاضر بچوں کو دکھائیے۔

© NCERT not to be republished

اب چارٹ کو دیکھئے اور خالی جگہ بھریئے :

(a) کس کلاس میں غیر حاضر بچوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے؟__________

(b) کس کلاس میں غیر حاضر بچوں کی تعداد سب سے کم ہے؟__________

(c) کس کلاس میں تین بچے غیر حاضر ہیں؟__________

(d) کلاس IV میں اور کلاس V میں غیر حاضر بچوں کی تعداد __________ اور __________ ہے۔


## آپ کا ہاتھ کتنا لمبا؟

* اپنے چار دوستوں کا ایک گروپ بنائیے۔
* کاغذ کی پٹیاں کاٹیے۔ ان پٹیوں کی چوڑائی برابر ہونی چاہیے۔
* ہر بچے کے ہاتھ کی لمبائی کو کاغذ کی پٹی سے ناپیے۔ ہاتھ کی لمبائی کے برابر پٹی کو کاٹیے اور اس پر بچے کا نام لکھیے۔




© NCERT not to be republished

روہن، جیکب اور گیتا نے بھی اپنا ہاتھ ناپا انہوں نے اپنی پٹیوں کو ایسے چپکایا جیسے دکھایا گیا ہے۔




اس تصویر کو دیکھئے اور خالی جگہ بھریئے :


(a) جیکب کے ہاتھ کی لمبائی، گیتا کے ہاتھ کی لمبائی سے ________ (زیادہ/کم) ہے۔

(b) گیتا کے ہاتھ کی لمبائی، روہن کے ہاتھ کی لمبائی سے ________ (زیادہ/کم) ہے۔

(c) ________ کا ہاتھ سب سے لمبا ہے۔

(d) ________ کا ہاتھ سب سے چھوٹا ہے۔

نیچے دیئے گئے چارٹ میں اپنے گروپ کے سبھی دوستوں کی پٹیوں کو چپکایئے۔ پٹیوں کے درمیان کچھ دوری رکھیے۔






2019-20

© NCERT not to be republished

# اسکول آنے والے بچے




اس تصویر کو دیکھئے اور جدول کو پورا کیجیے۔

| آنے کا طریقہ | ٹریکٹر | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| طلبہ کی تعداد | 3 | | | | |

3 بچے ٹریکٹر سے آرہے ہیں۔ہم جدول میں 3 لکھتے ہیں۔ہم چارٹ میں ٹریکٹر اوراوپر تین چہرے بھی بنائیں گے۔چارٹ میں چہرے بنا کر دکھائیے کہ کتنے بچے بس،سائیکل وغیرہ سے آتے ہیں۔




© NCERT not to be republished



2019-20

خالی جگہوں کو بھریئے :

(a) زیادہ تر طلبہ اسکول ____________ سے آتے ہیں۔

(b) پیدل آنے والے طلبہ کی تعداد سائیکل سے آنے والے طلبہ کی تعداد سے ____________ (زیادہ/کم) ہے۔

(c) اسکول میں سب سے کم طلبہ ____________ سے آتے ہیں

اب سمجھے اس کو اسمارٹ چارٹ کیوں کہتے ہیں؟ صرف اس کو دیکھ کر ہی ہم بہت کچھ جان سکتے ہیں۔ چلیے کچھ اور ایسے چارٹ بنائیں۔



## مشق کا وقت

اپنے آس پاس کی چیزوں کو دیکھ کر اسمارٹ چارٹ بنایئے۔ جیسے —



* کس چڑیا میں الگ الگ طرح کے رنگ سب سے زیادہ ہوتے ہیں؟




* کس جانور کو پالتو بنانے کے لئے سب سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے؟

© NCERT not to be republished

# تمہاری ناپسندیدہ سبزیاں


کون سی سبزی آپ کو سب سے زیادہ ناپسند ہے؟ اپنے دوستوں سے بھی پوچھیے اور جدول میں بھریے۔



| ناپسندیدہ سبزیاں | بچوں کی تعداد |
| --- | --- |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |

اس جدول کا استعمال کر کے نیچے دیئے گئے چارٹ میں چہرے بنائیے۔ ہر بچے کے لیے (☺) کو اسی سبزی کے اوپر بنائیے جس کو وہ ناپسند کرتے ہیں۔

* سب سے زیادہ ناپسند کی جانے والی سبزی ______
* کون سی سبزی سب سے کم ناپسند کرتے ہیں؟ ______




© NCERT not to be republished